# 685- مسجد کے لیے زمین وقف کرنے کے بعد واپس لے لی

## سوال

ہمارے ہاں ایک مالدار شخص ہے جس نے مسجد کی تعمیر کے لیے کچھ زمین وقف کی، پھر اس کے پاس کچھ لوگ آئے جنہوں نے اسے مدرسہ بنانے کا مطالبہ کیا، اسے کیا کرنا چاہیے ؟

## پسندیدہ جواب

اگر تو اس شخص نے فعلا زمین کا وہ ٹکڑا مسجد بنانے کے لیے دے دیا ہے ، تو اسے واپس لینے کا کوئی حق نہیں ہے ، اور اگر اس سے مسجد بنانے کے لیے زمین کا وعدہ لیا گیا ہے تو پھر بھی اس کے لیے بہتر یہی ہے کہ وہ اپنے وعدہ کو پورا کرے .

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .